16/05/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*........ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کو پاکستان کیلئے اپنی مالی امداد پر غور کرنا چاہئے // وزیر دفاع ۔

*........رابطہ دفتر سرینگرمیں متعدد وفود عمر عبداللہ سے ملاقی // وزیر اعلیٰ نے تمام مسائل کو حل کرنے اور حکمرانی کا موثر نظام میسر رکھنے کا دلایا یقین ۔

*........فوج ،پولیس اور CRPF کے اعلیٰ افسروں نے جنوبی کشمیر میں حالیہ آپریشنوں کودیااہم کامیابی قرار ۔

اور

*........جموں کشمیر کے مختلف علاقوں میں گرمی کی شدت میں روز افزوں ہو رہا ہے اضافہ // گرمی سے بچنے کیلئے احتیاطی تدابیر عملانے کی ضرورت پر زور ۔

راجناتھ سنگھ

بھارت نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ سے کہا ہے کہ وہ پاکستان کیلئے اپنی مالی امدادپر غور کریں۔وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج ائر فورس اسٹیشن بھج مینفضائیہ کے جوانوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ ان رقومات کا بیشتر حصہ پاکستان میں دہشت پسندی کے بنیادی ڈھانچے پر خرچ کیا جائے گا۔وزیر موصوف نے آپریشن سندور کے دوران بھارتی فضائیہ کی فوری اور فیصلہ کن کارروائی کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ اس کارروائی پر ملک کے اندر اور باہر تمام بھارتیوں کو ناز ہے ۔ انہوں نے کہا۔۔

-----BYTE-----

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت لوگوں کے مسائل کو تن دہی کے ساتھ ترجیحی بنیادوں پرحل کرنے نیز انہیں حکمرانی کا ایک موثر عمل دستیاب کرانے کی وعدہ بند ہے ۔ وہ آج رابطہ آفس سرینگر میں متعدد وفود کے ساتھ ملاقات کے دوران اُن کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کر رہے تھے۔ وزیر اعلیٰ نے لوگوں کے مسائل غور سے سُنے اور انہیں یقین دلایا کہ عوامی نوعیت کے معاملات کو جلد از جلد حل کیا جائے گا۔

سکینہ ایتو

اس موقعے پر صحت کی وزیر سکینہ ایتو بھی موجود تھیں۔ انہوننے وفود کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ حکومت لوگوں کی راحت رسانی کرنے کی وعدہ بند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور عوام کے درمیان دوریوں کو کم کرنے کےلئے پبلک آوٹ ریچ پروگرام کلیدی اہمیت کے حامل ہے۔

عمر حج

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے پروازوں کے منسوخ ہونے کی وجہ سے درماندہ ایک ہزار8سو 95عازمین حج کو سفر محمود پر روانہ کرنے کیلئے اضافی حج پر وازیں چلانے کا معاملہ مرکزی سرکار کے ساتھ اٹھایا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ عازمین کی بلا خلل روانگی کو یقینی بنانا سرکار کی ترجیحات میں شامل ہے۔

جتندر سنگھ

پلیٹ فارم پر کرم iGOT وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ یوگیوں کی تعداد ایک کروڑ سے تجاوز کر گئی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہاکہ یہ پیش رفت سیکھنے کے عمل کو آگے بڑھانے کیلئے ہماری منظم کوششونکا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ 18ریاستوں اور تمام مرکزی وزارتوں میں جاری کاوشوں سے وزیر اعظم نریندر مودی کے وکست بھارت کے خواب کو شرمند ہ تعبیر کرنے میں مدد مل رہی ہے ۔

پریس کانفرنس

حفاظتی عملے نے پچھلے چند رو ز کے دوران جنوبی کشمیر کے کولگام اور پلوامہ ضلعوں میں چلائے گئے یکے بعد دیگرے ملی ٹنسی مخالف آپریشنوں کو کلیدی نوعیت کا قرار دیا۔ ان کے اعلیٰ افسروں نے آج سرینگر CRPF آپریشنوں میں چھ ملی ٹینٹ مارے گئے ۔فوج ، پولیس اور میں ایک مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران ان آپریشنوں کی تفاصیل پیش کیں ۔وکٹر فورس کے جنرل آفیسر کمانڈنگ میجر جنرل دھننجئے جوشی نے اس موقعے پر میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

کشمیر وی کے بردی نے کہا -IGP اس موقعے پر

........IGP........

کمار نے آپریشنوں کے دوران مختلف سلامتی ایجنسیوں کی Mitesh آپریشنز IGP کےCRPF مشترکہ کاوشوں کی ستائش کی انہوں نے کہا ۔

...........CRPF........

آپریشن سندور

اپریل کے پہلگام حملے کے رد عمل مینبھارت نے جو آپریشن سندور عمل میں لایا، اُس کی 22 کامیابی پر سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے الگ الگ انداز میں اپنے خیالات کااظہار کیا ہے۔

جموں مینمقیم ایک کشمیری نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا۔

کے سینئر لیڈر الطاف ٹھاکر نے آپریشن سندور سے متعلق جاری ترنگا ریلی کی BJP دریں اثنا تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس ریلی سے پورے ملک اور بیرون ملک میں حب الوطنی کے جذبے کو تقویت حاصل ہوگی ۔انہوں نے نوجوانوں پر زور دیاکہ وہ ترنگا ریلیوں سے ترغیب حاصل کرکے قوم کی تعمیر میں اپنا بھر پور رول ادا کریں ۔

رانا

جل شکتی اور قبائیلی امور کے وزیر جاویداحمد رانا نے آج منکوٹ سیکٹر میں لائن آف کنڑول پر سرحد پار کی شیلنگ سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے وہاں لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ متاثر ہ کنبوں میں ریلیف واگذار کرنے کے معاملات میں تیزی لائیں ۔

بی جے پی

بی جے پی جموںو کشمیر کے صدر ست شرما کی قیادت میں پارٹی کے ایک وفد نے سانبہ کٹھوعہ ضلعوں میں بین الاقوامی سرحد پر پاکستان کی شیلنگ سے متاثرہ علاقوں میں صورتحال کا جائزہ لیا۔ وفد میں اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما، ممبر پارلیمنٹ جگل کشور شرما اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

شیلندر

محکمہ زراعت کے پرنسپل سیکریٹری شیلندر کمار نے آج پونچھ ضلعے کے سرحدی علاقوں کا دورہ کر کے وہاں حالیہ شلنگ سے متاثرین سے ملاقات کی۔ اس موقعے پر ڈی سی پونچھ نے انہیں متاثرہ علاقوں میں جا ری ریلیف اور باز آباد کا ری کے کاموں کے بارے میں جانکاری دی۔

انٹرو

آج امن و امان کے ساتھ مل کر زندگی گذارنے کا بین الاقوامی دن ہے ۔آج کے دن عالمی امن کو تقویت بخشنے میں انفرادی اور اجتماعی کوششوں کو اجا گر کیا جاتاہے ۔

ایک رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر ۔

....................

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

روشنی دن

آج روشنی کا بین الاقوامی دن منایاجا رہا ہے۔ یہ دن 1960میں ایک معروف ماہر طبعیات اور انجینئرTheodore Maiman کی طرف سے پہلی کامیاب لیزر سرجری کی یاد میں منایاجاتاہے۔اس دن کی اہمیت کے بارے میں نیشنل انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی سرینگر میں شعبہ فزیکس کے سربراہ پروفیسر پرنس گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........................

دِویدی

فوجی سربراہ جنرل اوپیندر دِویدی اور دیگر افسروں نے صوبے‌دار میجر پون کمار کی بہادری اور ہمت کی تعریف کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ صوبیدار میجر پون کمار نے آپریشن سندور کے دوران اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران اپنی جان نچھاور کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں فوج نے کہا ہے کہ آنجہانی کی قربانی کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جائے گا ۔ فوج نے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار کنبے کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑی ہے۔

سمینار

کے Advancing Physical and Digital Accessibility گورنمنٹ ڈگری کالج کولگام میں کل موضوع پر ایک سمینار منعقد ہو رہا ہے۔ اس سمینار سے جڑے قوت بینائی سے محروم ایک سکالر عاقب رحمان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

................

ساگر

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمدسا گر نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس کی سربراہی والی سرکار ابتداءسے ہی لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کی طرف توجہ مرکوز کر رہی ہے۔ آج اپنے حلقہ کے مختلف علاقوں کا دورہ کرنے کے دوران انہوں نے لوگوں کے مسائل سُنے۔انہوں نے لوگوں کو یقین دلایاکہ تمام جائزمطالبات کو پورا کرنے کیلئے کارروائی کی جائے گی۔

حج

لداخ سے تعلق رکھنے والے جو 240عازمین حج 9مئی کو ان کی پرواز منسوخ ہونے پر سرینگر میں درماندہ ہو کر رہ گئے تھے کو اب مدینہ منورہ کیلئے روانہ کیا گیا ہے۔

ACB

جموں کشمیر انٹی کورپشن بیورو نے گورنمٹ مڈل اسکول جندریلی زون چسانا ریاسی کے اس وقت کے انچار ج ہیڈ ماسٹر سجاد حسین اور عبدالعزیز نامی ٹھیکہ دار کے خلاف رقومات کے خورد برد کی پاداش میں ایک کیس درج کیا ہے۔

گرمی

جموں کشمیر کے سرینگر اور جموں شہروں کے ساتھ ساتھ دیگر ضلعوں میں درجہ حرارت میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے اور کئی علاقوں میں گرمی نے شدت اختیار کی ہے ۔ اس صورتحال

میں سماج کے سبھی طبقوں بالخصوص بچوں ، بزرگوں اور حاملہ خواتین کو احتیاطی تدابیر کرنے کی ضرورت ہے۔ جاری موسمی صورتحال کے تعلق سے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

.......................

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 اعشاریہ8ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12اعشاریہ2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت22اعشاریہ6ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر27 اور

غروب آفتاب شام7بجکر27منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.............